قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

جنوری تا اپریل 2019، ربیع الثانی تا شعبان 1440ھ | شمارہ 10

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## رمضان حصولِ تقویٰ کا مہینہ

الحمدللہ! رمضان کا بابرکت مہینہ ہم پر سایہ فگن ہونے والا ہے اور سب مسلمان حسب توفیق اس کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ روزے کا اصل مقصد تقویٰ کا حصول ہے لہٰذا ہم سب کو اس کی طرف توجہ مبذول کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

''اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم متقی بن جاؤ''۔ [البقرة: 183]

تقوی کا معنیٰ ''بچنا'' ہے۔ روزے کی حالت میں صرف کھانے پینے سے ہی رکنا کافی نہیں بلکہ ہر قسم کے گناہوں سے بچنا ضروری ہے جس طرح ہم روزے کی حالت میں اللہ تعالیٰ کے حلال کردہ کاموں سے رک جاتے ہیں اسی طرح حرام کاموں سے بھی رکنا لازم ہے حتیٰ کہ برے خیالات، منفی سوچوں، بدگمانی، جھوٹ، چغلی، غیبت اور لڑائی جھگڑے سے بھی۔

سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے جھوٹ بولنا، اس پر عمل کرنا اور جہالت کی باتوں کو نہ چھوڑا تو اللہ تعالیٰ کو اس کی کوئی ضرورت نہیں کہ وہ شخص کھانا پینا چھوڑ دے''۔ [صحيح البخاری: 6057]

### کرنے کے کام

- اپنے آنکھ، کان، دل، زبان اور ہاتھ سب کو حرام کاموں سے بچائیں۔
- روزہ رکھ کر تقویٰ، تواضع اور صبر جیسی صفات اپنائیں۔
- اپنا زیادہ وقت مفید کاموں میں صرف کریں اور لغو باتوں اور کاموں سے پرہیز کریں۔
- تقویٰ کے حصول کے لیے خوب دعائیں مانگیں۔
- لوگوں کے ساتھ معاملات بھی اللہ تعالیٰ کی محبت اور اللہ تعالیٰ کے خوف کے تحت کریں۔
- ہر دن کو گزشتہ دن سے بہتر بنانے کے لیے اپنا جائزہ لیتے رہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس رمضان کو پچھلے رمضان سے بہتر اور اس کے اصل مقصود کو پانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

معزز قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ! اس سال کا پہلا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ گزشتہ چار ماہ گویا پلک جھپکتے گزر گئے۔ الھدیٰ میں بے شمار تعلیمی وتدریسی سرگرمیوں کے علاوہ خدمتِ خلق کے بہت سے امور بھی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بخیریت انجام پائے۔ اس سال کے آغاز میں مختلف مقامات پر تکمیل قرآن اور کانووکیشن کی تقریبات منعقد ہوئیں جن میں سے بعض میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے بنفس نفیس شرکت کی اور لوگوں کو اپنے علم سے مستفید کیا۔ شعبہ خدمتِ خلق نے سردی کی شدت اور برفانی علاقوں میں متاثرین کو بروقت گرم کپڑے اور راشن مہیا کیا۔ الھدیٰ پبلی کیشنز کی نئی مطبوعات بھی تیار کی گئی ہیں۔

آج کل رمضان المبارک کی آمد آمد ہے اور تمام ریجنز میں الھدیٰ ٹیم ممبرز دورۂ قرآن، رمضان راشن اور دیگر سرگرمیوں کی تیاری میں مصروف عمل ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بابرکت مہینے میں ہم سب کو خیر بانٹنے والوں میں شامل کرے اور سب کی کوششوں کو قبول فرمائے۔ آمین

برائے مہربانی اپنی قیمتی تجاویز اور مشوروں سے ضرور آگاہ کیجیے۔

برائے رابطہ: newsletter@alhudapk.com

طاہرہ خان

## دورۂ قرآن کی مجالس

رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی الھدیٰ کے زیر اہتمام اندرون وبیرون ملک دورۂ قرآن کی مجالس کے پروگرام ترتیب دیے جا رہے ہیں۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی اس سال الھدیٰ انسٹیٹیوٹ کینیڈا میں 23 اپریل سے دورۂ قرآن کا آغاز کر رہی ہیں جو کم وبیش ایک ماہ میں مکمل ہوگا۔ دنیا بھر سے سامعین کی کثیر تعداد آن لائن سہولت کی وجہ سے براہ راست استفادہ کرے گی۔ لوگوں کی سہولت کے لیے یہ پروگرام متعدد بار replay بھی کیا جائے گا۔ آپ مندرجہ ذیل لنکس پر اس سے مستفید ہو سکیں گے۔

www.farhathashmi.com/alhudalive

http://m.facebook.com/DrFarhathashmi/

https://www.youtube.com/drfarhathashmiofficial/

# رمیاں



## لاہور ریجن کی کانووکیشن تقریب

الھدیٰ لاہور ریجن کے زیرِ اہتمام 7 جنوری 2019 کو سالانہ کانووکیشن کی تقریب منعقد ہوئی۔ اکیڈیمک کوآرڈینیٹر فریحہ میلہ صاحبہ نے لاہور ریجن کی ایک سالہ کارکردگی پر مبنی رپورٹ پیش کی۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے ''داعی دین کے اوصاف'' کے موضوع پر نہایت مفید اور مدلل درس دیا۔ فارغ التحصیل طالبات نے اپنے تاثرات پیش کیے۔ اس موقع پر 336 طالبات نے اسناد وصول کیں۔

## درخت لگانا صدقہ جاریہ

### خیبر پختون خواہ اور لاہور ریجن میں شجر کاری

13 مارچ 2019 کو الھدیٰ خیبر پختون خواہ کی طالبات وسٹاف ممبران نے ابراہیم پارک حیات آباد میں اسٹونیا اور چیڑ کے 200 پودے لگائے اور یوں اس سال 2000 پودے لگانے کا حدف مکمل کر لیا۔ لاہور ریجن میں کمیونٹی سکول کے بچوں نے بھی 500 سے زائد پودے لگائے۔

## کراچی میں نوجوان لڑکوں کے لیے فہم القرآن کورس

الھدیٰ نارتھ ناظم آباد برانچ میں 17 فروری 2019 سے نوجوان لڑکوں کے لیے فہم القرآن کورس کا آغاز کیا گیا ہے جس میں قرآن کی تجوید، مختصر تفسیر کے علاوہ نماز باجماعت اور تفریحی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کورس میں 80 سے زائد طلبا نے داخلہ لیا ہے اور ان کے والدین نے اس کاوش کو بہت سراہا ہے۔

مضان

کا مہینہ

**شھر التقویٰ**

اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تاکہ تم متقی بن جاؤ۔

[البقرۃ:183]

**شھر الصبر**

''جس نے بدزبانی اور جھوٹ نہ چھوڑا تو اللہ کو اس کے کھانا پینا چھوڑ دینے کی کوئی ضرورت نہیں''۔

[صحیح الترغیب و الترھیب:1080]

**شھر الغفران**

''ایک رمضان دوسرے رمضان تک ہونے والے گناہوں کو مٹا دیتا ہے جب کہ کبیرہ گناہوں سے اجتناب کیا جائے۔

[صحیح مسلم:552]

## اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ''... مکھی کے اندر سے رنگ برنگ کا ایک شربت نکلتا ہے جس میں شفا ہے...'' [النحل:69]

### شہد- دلچسپ حقائق

- شہد کی مادہ مکھی شہد تیار کرتی ہے جب کہ نر مکھی کا شہد بنانے میں کوئی کردار نہیں ہوتا۔
- مکھی کے پیٹ میں Honey Stomatch پایا جاتا ہے جو دوسرے معدے سے الگ ہوتا ہے۔ اس میں پھولوں سے حاصل کردہ رس جمع ہوتا ہے اور اس پر مختلف enzymes کام کرتے ہیں جس کے نتیجے میں شہد تیار ہوتا ہے۔
- تیار شدہ شہد مکھی کے منہ سے خارج ہوتا ہے جسے انتہائی محنت سے تیار کردہ چھتے میں جمع کیا جاتا ہے۔
- دنیا میں تقریباً 300 اقسام کے شہد پائے جاتے ہیں۔
- جدید تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ شہد کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں:

Anti-Bacterial   Anti fungal

Antiviral   Antitoxidant

Anti inflamatory



## کاروانِ علم ہے رواں دواں

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی الھدیٰ کینیڈا میں صحیح البخاری (کتاب اللباس) القرآن تدبر و عمل اور فقہ القلوب (ایمان بالآخرہ) کی تدریس کے ساتھ ساتھ رمضان المبارک کی تیاری کے حوالے سے مختلف علاقوں میں دروس کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ 23 اپریل سے دورہ قرآن کا آغاز ہو گا جس سے مقامی طالبات کے علاوہ دنیا بھر سے آن لائن سامعین بھی مستفید ہوں گے۔ دسمبر 2018 میں پاکستان کے اپنے مختصر دورے کے دوران انہوں نے مندرجہ ذیل مقامات پر لیکچرز دیے:

- 2 جنوری 2019 ''سونے جاگنے کے آداب'' ہیونز کاسل کنجنی بائی پاس گوجرانوالہ
- 3 جنوری ''پردیسی یا مسافر'' تاج مارکی سول لائنز، جہلم
- 7 جنوری ''داعی دین کے اوصاف'' لبرٹی کاسل مین بلیوارڈ، گلبرگ 3 لاہور
- 8 جنوری ''تفسیر سورۃ الدھر'' نایاب بینکوئٹ ہال 51 کریم بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
- 9 جنوری ''تفسیر سورۃ القیامۃ'' پرائم مارکی نیس پیک ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور
- 10 جنوری ''تفسیر سورۃ المرسلات'' انمول بینکوئٹ ہال، گلشن راوی لاہور
- 11 جنوری ''بچوں کی تربیت میں ماں اور اساتذہ کا کردار'' الاعلیٰ انٹرنیشنل سکول، کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور

## علمی سرگ



# الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد

### شیخ یاسر قاضی کی الھدیٰ اسلام آباد آمد

8 مارچ 2019، بروز جمعہ شیخ یاسر قاضی نے الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد کا دورہ کیا۔ آپ نے خطبۂ جمعہ میں آیت نور پر فصیح و بلیغ انداز میں روشنی ڈالی۔ بعدازاں مہمان گرامی کے ساتھ اساتذہ کرام اور طالبات کی ایک علمی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں علم کی فضیلت، حصولِ علم کے مختلف طریقوں اور علم، عمل اور تزکیہ کے تعلق پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ گھر اور معاشرے میں دعوت دین سے متعلق طالبات کے سوال کا جواب دیتے ہوئے مہمان گرامی نے تعلیم و تدریس کے ساتھ ساتھ اچھے اخلاق، اہل خانہ کی خدمت اور اولاد کی بہترین تربیت کے ذریعے بھی امت مسلمہ کی اصلاح کا فریضہ بحسن و خوبی سرانجام دے سکنے کے عملی طریقوں پر روشنی ڈالی۔

### ریجنز کانووکیشن

الھدیٰ اسلام آباد میں 25 اور 26 جنوری کو ریجنز کی چھٹی دوروزہ کانووکیشن منعقد ہوئی جس میں مختلف ریجنز سے 2200 طالبات اور سٹاف نے شرکت کی۔ 25 جنوری کو مختلف ریجنز سے آئے ہوئے سٹاف کے لیے چند تربیتی اور ٹریننگ سیشنز کا اہتمام کیا گیا تاکہ برانچز بھی اپنے علاقوں میں الھدیٰ کے معیار کو برقرار رکھ سکیں۔ 26 جنوری کو کانووکیشن کی تقریب تھی جس میں ڈائریکٹر ریجنز یاسمین خاکوانی صاحبہ نے ریجنز میں ہونے والے خدمتِ خلق کے کاموں کی رپورٹ پیش کی۔ کوآرڈینیٹر شعبہ امتحانات ثمینہ جواد نے تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ پیش کیا۔ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر بشریٰ فیصل اور کوآرڈینیٹر سعدیہ خان نے اپنے اپنے شعبوں کے ذریعے ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتایا۔ اس کے بعد چند طالبات نے اپنے تاثرات پیش کیے۔ فہم القرآن آن لائن کلاس کی طالبہ مہمل اسحاق جو جسمانی طور پر معذور ہیں نے اپنے تاثرات پرجوش اور مؤثر انداز میں پیش کیے۔ شعبہ خط و کتابت کے طالب علم الیاس صاحب جو کہ سرکاری ملازم ہیں نے اپنی گوں ناگوں مصروفیات کے باوجود ایک سال میں تعلیم القرآن کورس مکمل کیا اور اپنے آڈیو پیغام کے ذریعے الھدیٰ کی کاوشوں کو سراہا۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے "داعی دین کے اوصاف" کے موضوع پر لیکچر دیا۔ اس سال اسناد وصول کرنے والے طلبا و طالبات کی مجموعی تعداد 9,936 رہی۔

### طالبات کی علم القراءات کانفرنس میں شرکت

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبہ ’’عربی زبان اور اسلامی علوم‘‘ کے تحت دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس بتاریخ زیرعنوان ’’علم القراءات تاریخی مباحث اور عصری تحقیقات‘‘ 28 فروری اور یکم مارچ کو منعقد ہوئی جس میں الھدیٰ کی تعلیم القراءات العشرہ کی طالبات و سٹاف خاص طور پر مدعو تھے۔ کانفرنس میں اندرون ملک اور بیرونِ ملک کے نامور قراء حضرات اور اس علم کے ماہرین نے شرکت کی اور یوں طالبات کو عصری تحقیقات پر پیش کردہ مقالہ جات سے مستفید ہونے کا موقع ملا۔

### آگ بجھانے کی تربیتی ورکشاپس کا اہتمام

الھدیٰ انتظامیہ کی جانب سے 20 مارچ کو طالبات اور سٹاف ممبران کے لیے ’’آگ بجھانے کی تربیت‘‘ کا اہتمام کیا گیا جس میں آگ لگنے کی وجوہات، گھریلو آگ بجھانے کا طریقہ، مختلف قسم کے آگ بجھانے کے آلات کی پہچان اور ان کے درست استعمال کا طریقہ نہ صرف پریزنٹیشن کی مدد سے سکھایا گیا بلکہ عملی طور پر آگ بجھانے والے آلات کے ذریعے آگ بجھانے کا تجربہ بھی کروایا گیا۔ بعدازاں یہ ٹریننگ الھدیٰ ہاسٹل کی 450 طالبات و سٹاف کو بھی دی گئی۔

### بچوں کے لیے ہفتہ وار آن لائن تربیتی کلاسز

الھدیٰ آن لائن ٹیم کی جانب سے آٹھ سے چودہ سال کے بچوں کے لیے ہفتہ وار کلاسز کا اہتمام کیا گیا ہے جن میں خصوصی طور پر نماز کا طریقہ اور نماز کے روحانی پہلوؤں پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ڈاکٹر کنول قیصر اس پروگرام کی مقررہ ہیں۔ امید ہے کہ اس عمر کے بچوں کے اندر نماز کی محبت اور شوق پیدا کرنے کے لیے یہ پروگرام بہت مؤثر ثابت ہوگا۔ ان شاءاللہ

### الھدیٰ سوشل میڈیا کورسز

انٹرنیٹ، سکائپ اور zoom کے ذریعے 32 ممالک سے لوگ الھدیٰ کے کورسز سے مستفید ہو رہے ہیں۔ حال ہی میں نائجیریا (افریقہ) کے تین شہروں ابوجا، کانو اور لاگوس سے سو سے زائد طالبات فہم القرآن کورس نہایت دلچسپی سے کر رہی ہیں۔ سویڈن سے بھی سوشل میڈیا کورسز کے تحت مردوں اور نوجوانوں کی کلاسز کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

**شہر الصیام**

’’پس تم میں سے جو اس مہینے کو پائے تو چاہیے کہ وہ اس کے روزے رکھے‘‘۔

[البقرۃ:185]

**شہر الدعاء**

’’تین آدمیوں کی دعا رد نہیں کی جاتی: باپ، روزہ دار اور مسافر‘‘۔

(السنن الکبریٰ للبیقھی: 6484)

**شہر القیام**

’’جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان میں قیام کیا اس کے گزشتہ تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے‘‘۔

[صحیح البخاری: 37]

# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

## الھدیٰ معاشرے سے جہالت دور کرنے کے لیے کوشاں

2006 سے الھدیٰ لاہور ریجنل آفس کے تحت کمیونٹی اسکولز بڑی کامیابی کے ساتھ چل رہے ہیں۔ان سکولوں میں بچوں کو مفت دینی ودنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ خوراک، یونیفارم اور کتب بھی فراہم کی جاتی ہیں۔اس وقت دس سکولوں میں 1500 بچے تعلیم حاصل کررہے ہیں۔کچھ بچے ہائی سکول اور کالج میں بھی پہنچ گئے ہیں۔اس رمضان میں ان بچوں میں 1000 راشن بیگ بھی تقسیم کیے جائیں گے۔اسی طرح آفیسرز کالونی واہ کینٹ برانچ کے زیرِ نگرانی ''الھدیٰ کمیونٹی سکول'' 2017 سے مستحق بچوں کے لیے مفت تعلیمی سہولیات مہیا کررہا ہے۔اس وقت اس سکول میں تقریباً 250 بچے زیرِ تعلیم ہیں۔وہ بچے جو زیادہ تعلیمی استعداد نہیں رکھتے انہیں دینی وسماجی تعلیم کے ساتھ ساتھ مختلف دستکاریوں کی تربیت دی جاتی ہے تاکہ وہ باعزت اور حلال روزی کما سکیں اور معاشرے کے مفید شہری بن سکیں۔مزید براں ان بچوں کی ماؤں کو قرآن وسنت کی تعلیم سے روشناس کرایا جاتا ہے۔وہ خواتین جو صرف پشتو زبان جانتی ہیں ان کے لیے خصوصی طور پر پشتو زبان میں قرآن مجید کی تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے۔



الھدیٰ کمیونٹی سکول واہ کینٹ

## ڈیرہ اسماعیل کے معذور فرد کے لیے باعزت روزگار کی فراہمی

شعبہ خدمتِ خلق کی جانب سے ڈیرہ اسماعیل خان کے نواحی گاؤں کے ایک معذور رہائشی کو پرچون کی دکان کے لیے سرمایہ فراہم کیا گیا۔باعزت روزگار مہیا ہونے پر وہ پراعتماد اور الھدیٰ کے لیے دعا گو تھا۔الحمدللہ

## رمضان راشن 2019


الھدیٰ گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی مستحق افراد کو رمضان راشن کی بروقت فراہمی ممکن بنانے کے لیے کوشاں ہے۔تمام ریجنز کی ٹیمیں اپنے اپنے علاقوں میں ایسے تمام افراد کے کوائف حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔اس سال تقریباً دس ہزار خاندانوں تک راشن پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ایک راشن پیکٹ کی قیمت -/2,750 روپے ہے۔مخیّر حضرات اس میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔

### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 200126818
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ: 1739   سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات: www.alhudapk.com/donate

# سٹوڈنٹ کارنر

## تبصرۂ کتاب




عربی کتاب ''الاحسان فی دراسة القرآن'' کے ترجمے پر مبنی کتاب قرآن اور احسان میں قرآن مجید کے مطالعہ میں احسان کی روش اختیار کرنے کے وہ طریقے بیان کیے گئے ہیں جو صحابہ کرامؓ اور سلف صالحین نے اختیار کیے۔اس کتاب میں قرآن سے متعلق پانچ اہم مسائل کا ذکر کیا گیا ہے جن کے مطالعہ سے قرآن پر ایمان، اس کی تلاوت اور اس پر غور وفکر کی اہمیت واضح ہوتی ہے اور قاری کے دل میں قرآن پڑھنے اور غور وفکر کی تحریک پیدا ہوتی ہے۔

شفق رانی

## الھدیٰ کی نئی مطبوعات




## قرآن سے تعلق غموں کا مداوا

''میں گلشن برانچ کراچی میں تعلیم دین کی طالبہ ہوں۔17 اکتوبر 2018 کو میرے شوہر ایک حادثے میں خالق حقیقی سے جا ملے۔ان کے انتقال کی خبر مجھے الھدیٰ ہی میں ملی۔یہ خبر میرے لیے قیامت سے کم نہ تھی لیکن قرآن کی آیات نے میرے دل کو تھامے رکھا۔سورۃ النمل، القصص اور العنکبوت نے میرے الجھے ہوئے ذہن کی گرہیں کھول دیں اور مجھے سہارا دیا۔قرآنی آیات کی تفسیر سنتے ہوئے یوں لگتا تھا جیسے زخم پر مرہم رکھ دیا گیا ہو۔اب میں نے اپنے آپ کو مزید مصروف کرلیا ہے اور پڑھائی کے علاوہ باقی اوقات میں لڑکیوں کو آن لائن تجوید سکھاتی ہوں۔قرآن مجید سے تعلق کی وجہ سے اب میں بہت بہتر محسوس کرتی ہوں''۔

طالبہ الھدیٰ کراچی

## تعزیت

الھدیٰ کراچی کی سینئر سٹاف ممبر راحت طارق 18 اپریل کو وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔اللہ تعالیٰ ہماری بہن کی مغفرت فرمائے اور ان کے تمام نیک اعمال کو قبول فرما کر جنت الفردوس میں بلند درجہ عطا فرمائے۔آمین

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر فرحت ہاشمی   مینیجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر طاہرہ خان   ایسوسی ایٹ ایڈیٹر مریم افضل، شفق رانی
ڈیزائنر اینڈ کمپوزر سدرہ زاہد